بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن راولپنڈی

No:OSF(i)156/25 www.biserawalpindi.edu.pk Dated:23-07-2025

Ph # 051-54880474

ہدایت نامہ

عنوان: امتحان میٹرک 2nd Annual 2025 کے ریگولر ادارہ جات و پرائیویٹ اُمیدواروں کے داخلہ فارم جمع کروانے سے متعلق ہدایات

اطلاعاً تحریر کیا جاتا ہے کہ امتحان میٹرک 2nd Annual 2025 کے داخلہ فارم جمع کروانے کا عمل شروع ہو چکا ہے۔ تمام ریگولر ادارہ جات اور پرائیویٹ اُمیدواران درج ذیل ہدایات بغور پڑھ لیں:

ریگولر ادارہ جات کے لیے ہدایت:

ریگولر ادارہ جات Creation of Batch کے بعد Batch ختم (Delete) کرنا چاہتا ہے تو Batch ختم (Delete) کرنے کی سہولت ادارہ کے پورٹل پر دے دی گئی ہے جو کہ ادارہ فیس جمع کروانے سے پہلے بغیر کسی چارجز/ فیس کے Batch ختم (Delete) کرسکتا ہے۔ Batch کی فیس جمع ہونے کے بعد کوئی بھی ادارہ Batch ختم (Delete) نہیں کر سکے گا۔ واضح رہے جب تک داخلہ کی مقررہ فیس/ مقررہ تاریخ میں جمع نہیں ہوگی تب تک کٹ لسٹ/ ریوینیو لسٹ (Download) نہیں ہو سکے گی۔ مینول چالان (Manual Challan) پر جمع کرائی گئی فیس قابلِ قبول نہ ہوگی اور نہ ہی ایڈجسٹ کی جائے گی۔

پرائیویٹ اُمیدواران کے لیے ہدایت:

پرائیویٹ اُمیدواران اپنا داخلہ فارم آن لائن (Submit) کرنے کے بعد درستگی کے لیے (Edit) یا (Delete) کر سکتے ہیں۔ اُمیدواران اپنا ڈیٹا مکمل آن لائن/ جانچ پڑتال کرنے کے بعد صرف اپنا چالان فارم ڈاؤن لوڈ (Download) کر کے فیس جمع کروائیں گے۔ فیس جمع ہونے کے بعد اُمیدوار داخلہ فارم (Edit) یا (Delete) نہیں کر سکے گا۔ واضح رہے جب تک داخلہ کی مقررہ فیس/ مقررہ تاریخ میں جمع نہیں ہوگی تب تک اُمیدوار کا داخلہ فارم ڈاؤن لوڈ (Download) نہیں ہو سکے گا۔ مینول چالان (Manual Challan) پر جمع کرائی گئی فیس قابلِ قبول نہ ہوگی اور نہ ہی ایڈجسٹ کی جائے گی۔

فیس جمع کرانے کی ہدایت:

داخلہ کی تمام فیسیں ایم سی بی بینک (MCB Bank) کی کسی بھی برانچ کے کاؤنٹر پر بذریعہ چالان فارم جمع ہوں گی اور بورڈ ہذا نے ادارہ جات اور اُمیدواران کی سہولت کے لیے ایزی پیسہ (EasyPaisa)، جیز کیش (JazzCash) یا کسی بھی آن لائن بینکنگ ایپ کے اندر موجود 1Bill/Voucher کے ذریعے چالان نمبر سے قبل کوڈ (1016205144) درج کر کے اپنی داخلہ فیس جمع کروا سکتے ہیں۔

اہم اور ضروری نوٹ:

1۔ مینول چالان (Manual Challan) پر جمع کرائی گئی فیس قابلِ قبول نہ ہوگی اور نہ ہی ایڈجسٹ کی جائے گی۔

2۔ اگر کسی ادارے یا پرائیویٹ اُمیدوار نے مقررہ تاریخ میں فیس جمع نہیں کروائی تو ادارہ اپنا بیچ (Batch) اور پرائیویٹ اُمیدوار اپنا داخلہ فارم حذف (Delete) کر کے دوبارہ تشکیل دیں اور نئے فیس شیڈول کے مطابق فیس جمع کروانے کے بعد:

ا۔ ادارہ اپنی کٹ لسٹ/ ریوینیو لسٹ ڈاؤن لوڈ کرے اور ہارڈ کاپی بورڈ میں جمع کروائے۔

۲۔ پرائیویٹ اُمیدوار اپنا داخلہ فارم ڈاؤن لوڈ کر کے اس کی ہارڈ کاپی بورڈ میں جمع کروائے۔

3۔ داخلہ فیس جمع کروانے کے بعد ادارہ جات کٹ لسٹ/ ریوینیو فارم اور پرائیویٹ اُمیدواران داخلہ فارم کی تصدیق شُدہ ہارڈ کاپی بورڈ میں دستی یا بذریعہ رجسٹرڈ ارسال کرنے کی صورت میں مقررہ تاریخ کے بعد 03 ایام کی رعایت دی جائے گی۔ 03 ایام کے بعد داخلہ فارم بورڈ میں وصول ہونے کے بعد فیس شیڈول کے مطابق فیس وصول کی جائے گی۔

اسسٹنٹ سیکرٹری فنانس

برائے سیکرٹری